# کیڈٹ کالج کلر کہار

## امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال۔2025ء

**کل نمبر:50** **وقت: 1 گھنٹہ**

**نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ پرچہ حل کرنے کے لئے نیلی روشنائی کا استعمال کریں۔**

## حصہ اول اردو

**سوال نمبر1: مندرجہ ذیل عنوان پر پندرہ سطور پر مضمون تحریر کریں۔** 15

"کیا موبائل فون اور انٹرنیٹ تعلیمی میدان میں مددگار ہو سکتے ہیں؟"

**سوال نمبر2۔ درج ذیل پیراگراف کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں** 15

نوجوان کسی بھی ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، کیوں کہ انہوں نے پڑھ لکھ کر مستقبل میں ملک کی باگ دوڑ سنبھالنا ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ نوجوانوں کو مستقبل کے معمار کہا جاتا ہے۔ جو قوم نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کے لیے جتنا اچھا پروگرام وضع کرتی ہے، وہ قوم اسی قدر اقوام عالم میں سربلند ہوتی ہے۔ پچھلی ایک صدی کی تاریخ بتاتی ہے جن ملکوں نے ترقی کی منازل طے کیں، انھوں نے نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کو اولیت دے کر یہ مقام حاصل کیا۔ علامہ محمد اقبال کی نظر میں نوجوان کو سب سے پہلے اپنے آپ اور اپنی خودی کو پہچاننا چاہیے۔ انھیں خود اعتمادی، خودداری اور اپنی ذات پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ علامہ اقبال چاہتے تھے کہ نوجوان زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے مسلسل محنت کریں۔ اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھیں اور آپس میں باہمی اتفاق و اتحاد سے رہیں۔ وہ سستی اور کاہلی کے خلاف تھے۔ وہ جانتے تھے کہ قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی زندگی میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔

**سوالات:**

1۔ نوجوانوں کو مستقبل کے معمار کیوں کہا جاتا ہے؟

2۔ کون سی قوم اقوام عالم میں سربلند ہوتی ہے؟

3۔ پچھلی ایک صدی ہمیں کیا بتاتی ہے؟

4۔ علامہ اقبال کی نظر میں نوجوان کو سب سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

5۔ پیراگراف کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کریں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔** 10

دھول چٹانا۔ ضابطۂ حیات۔ فراخ دل۔ امید بر آنا۔ باغ باغ ہونا۔

**سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔** 05

عروج۔ نشیب۔ حیات۔ ایمان۔ اکثریت۔

**سوال نمبر5: واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیں۔** 05

اکابر۔ سطر۔ وطن۔ رسول۔ قلب۔

## حصہ دوم اسلامیات

**سوال نمبر7: بچوں کے والدین پر کوئی سے پانچ حقوق لکھیں۔** 05

**سوال نمبر8: سورۃ اخلاص کا ترجمہ لکھیں۔** 05